Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ شعبان ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۱ جون ۱۹۱۷ء	نمبر ۲۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ صاحبزادہ سید توسل حسین خاں	۱
۲	رخصت نائب تحصیلدار صاحب بلاسپور	۲
۳	مستقلی خدمت [illegible] انسپکٹر	"
۴	رخصت صاحبزادہ سید علی مظفر خاں صاحب بہادر	"

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۳ جون ۱۹۱۷ء

حسب وضداشت صاحب ہوم سکرٹری بہادر صاحبزادہ سید توسل حسین خاں سپرنٹنڈنٹ صفائی کی تنخواہ میں عہ روپیہ ماہوار میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ اور پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس بوجہ حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۸ر جون سنہ ۱۹۱۷ء

منشی تجمل حسین خاں نائب تحصیلدار بلاسپور کی رخصت مطلوبہ ہشت یوم ۸ر جون سے ۱۵ر تک بغرض روانگی دہلی منظور ہوئی۔

مستقل

۱۰ر جون سنہ ۱۹۱۷ء

حسب منظوری بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم حشمت علیخاں سب انسپکٹر مستقل کیے گئے

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۷ر جون سنہ ۱۹۱۷ء

بمنظوری حضور معلّٰی دام اقبالہم و ملکہم رخصت یک ہفتہ صاحبزادہ سید ولی مظفر خانصاحب بہادر اسپشل مجسٹریٹ بغرض روانگی بیرونجات منظور ہوئی۔ انتظام کار اسپشل مجسٹریٹی صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع فرماوینگے۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا